© rasailojaraid.com

# اظہارِ تعزیت و دُعائے مغفرت

مجلس احرار اسلام ملتان کے صدر محترم صوفی نذیر احمد چوہان کے بھائی اور عزیزان نیاز احمد اعجاز احمد کے تایا جناب عید محمد گزشتہ دنوں ساہیوال میں انتقال کر گئے۔

۔ مجلس احرار اسلام بستی دھرانی (ظاھر پیر) کے مخلص کارکن محترم علی محمد دھریجہ کا جواں سال بیٹا ۸ دسمبر کو ٹریفک کے ایک حادثہ میں جاں بحق ہو گیا ہے۔

۔ مجلس احرار اسلام چکڑالہ (ضلع میانوالی) کے معاون محترم ڈاکٹر محمد لطیف صاحب کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں۔

مجلس احرار اسلام لاہور کے ایثار پیشہ اراکین جناب محمد حسین، غلام علی صاحب، غازی صاحب اور بھائی غلام حسین مرحوم کی والدہ ماجدہ دسمبر کے وسط میں وفات پا گئیں۔

سپاہ صحابہ پاکستان کے رہنما مولانا محمد اعظم طارق کے والد گرامی انتقال فرما گئے۔

۔ ممتاز سکالر اور تحریک پاکستان کے کارکن مولانا ظفر احمد انصاری گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔

۔ مجلس احرار اسلام ملتان کے بہت ہی مخلص کارکن جناب صوفی نذر محمد گزشتہ ماہ اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت امیرِ شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے دیرینہ اور انتہائی مخلص رفیق، بھائی محمد یٰسین اور بھائی محمد یامین کے والد ماجد جناب شیخ انعام الٰہی ۲۸ دسمبر کو ملتان میں داعیٔ اجل کو لبیک کہہ گئے!

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کی مغفرت کیلئے خصوصاً نمازوں کے بعد دعا فرمائیں اور ایصال ثواب کیلئے ختم قرآن کریم کا اہتمام فرمائیں۔ اپنے مرحوم عزیزوں دوستوں بزرگوں اور پوری امت کے مرحومین کو بھی دعائے مغفرت میں شامل فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔ اراکین ادارہ آپ سب کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com